Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جملہ حقوق بحق تاج بک ڈپو محفوظ ہیں

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین

قصیدہ

دُرّۃ التاج

بحضور شہنشاہِ دو عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم

از

رشحاتِ کلکِ دُر بار یعنی نتیجۂ افکار ابوالمعانی مومنِ ثانی تاج الشعرا

فخرِ پنجاب عالیجناب منشی تاج الدین احمد صاحب تاج

مداحِ سلطانِ امم صلی اللہ علیہ وسلم

جسے

ملک نذیر احمد مالک تاج بک ڈپو بازار کشمیری لاہور

بار اول ۱۰۰۰ جلد قیمت ۲ر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

स्कैन्ड/ Scanned

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

स्कैन्ड/Scanned

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جملہ حقوق بحق تاج بکڈپو محفوظ ہیں

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ

قصیدہ

دُرّۃُ التّاج

بحضور شہنشاہِ دوعالم صلّی اللہ علیہ وسلّم

از

رشحاتِ کلکِ دُربار یعنی نتیجۂ افکارِ ابوالمعانی مومنِ ثانی تاج الشعرا فخرِ پنجاب عالیجناب منشی تاج الدین احمد صاحب تاج مدّاحِ سلطانِ امم صلّی اللہ علیہ وسلّم

ملک نذیر احمد مالک تاج بک ڈپو بازار کشمیری لاہور

بار اول ۱۰۰۰ جلد قیمت ۲ر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تحفہ قرآنی۔ منظومہ حضرت شاہ شمس المصنف ایزدی صوفی معنوی

یعنی سُورۂ یٰسین مترجم

بترجمۂ اردو منظوم — بطرز مثنوی مولانا رومؒ

عجیب و غریب پیرایہ میں بالکل صحیح مطابق ترجمہ ہائے حضرت شاہ ولی اللہ و شاہ رفیع الدین و شاہ عبدالقادر صاحبان دہلوی رحمۃ اللہ۔ بغیر کسی کمی بیشی لفظی و معنوی کے ٹھیک ٹھیک مسلسل بامحاورہ اور نہائیت ہی صاف و آسان اُردو نظم میں یہ ترجمہ لکھا گیا ہے۔ جو بچوں اور بچیوں کیلئے بیحد مفید تحفہ ہے۔ ہدیہ صرف دو آنے ۲/

کالی کملی رسُول مقبول صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند معجزات اور اخلاق و آداب پنجابی نظم میں لکھے گئے ہیں۔ جن کے پڑھنے سُننے سے مسلمان بچوں اور بچیوں کے اخلاق و عادات درست ہوتے ہیں۔ اس کتاب کی منظوری بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی ہے۔ نہایت پُردرد نظم ہے۔ قیمت ۲/

ملک نذیر احمد مالک تاج بک ڈپو کشمیری بازار لاہور

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

نذر

یہ نعتیہ قصیدہ میں نے ایک خاص جذبہ و کیفیت و
[illegible]رت کے ماتحت لکھا ہے۔ اس میں شاعرانہ مبالغات سے
[illegible]م نہیں لیا گیا۔ بلکہ یہ عقائد صادقہ اور حقائق و معارف کا
[illegible]صحیح چربہ ہے ؂

خیال آیا کہ اِس قصیدہ کو کسی معزز و مقتدر اور برگزیدہ
و مقدس ہستی کے حضور نذر کیا جائے۔ معاً ذہن اس طرف
منتقل ہوا کہ جس اولو العزم اور بے مثال ہستی کی شان میں یہ قصیدہ
[illegible]ا گیا ہے۔ اگر بالمشافہ اُس کے حضور میں یہ قصیدہ پیش
[illegible] سکتا۔ تو کیوں نہ اُسی کے قرۃ العین، اُسی کے نورِ نظر،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اُسی کے لختِ جگر، اُسی کے جسم و جان، اُسی کے حریرہ دلبند کے حضور میں پیش کروں۔ اور میری وُہی تمنّا، وہی آرزو، وُہی خواہش، وہی مُراد، پوری اور مجھے وُہی بات اور وُہی فیضان حاصل ہو کہ جو شہنشاہِ دوجہاں کے دربار میں پیش کر کے حاصل کرنا چاہتا ہُوں پس حق بحقدار رسید کے اصول پر مَیں یہ قصیدہ زُبدۃُ العارفین، قُدوۃُ السالکین، عُمدۃُ العاشقین، فرزند ختم المرسلین، قبلۂ عالم حضرت مولٰینا مولوی حافظ حاجی صُوفی پیر سیّد جماعت علی شاہ صاحب نقشبندی مجدّدی محدّث علی پوری ادام اللہ فیوضہم کے حضور میں بطور نذر پیش کرتا ہوں ع

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

حضور کا ادنیٰ غلام { تاج الدّین احمد تاج
نقشبندی مجدّدی جماعتی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ و نصلّی علیٰ رسولہ الکریم

قصیدہ دُرّۃ التّاج

بحضورِ شہنشاہِ دو عالم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم

تشبیب

مطلعِ اوّل

غیرتِ صبحِ قیامت ہو گئی شامِ الم

رشکِ صد شبہائے قتلِ عام دیکھی صبحِ غم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

خانماں برباد مجھ کو دیکھ کر روتا ہے قیس

ڈھونڈتی پھرتی ہے لیلیٰ دشت میں نقشِ قدم

میں ہوں ناکامِ محبت اور ہجومِ یاس ہے

کیا مجالِ دم زدن ہو جب نہیں ہے دم میں دم

میری قسمت کی برائی نے وہ دیکھے انقلاب

میں تلاشِ شہد میں نکلوں تو بن جاتا ہے سم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جن کی خاطر میرا مال و جان تک قربان تھا

جائے عبرت ہے وہی کرنے لگے مجھ پر ستم

جس کی عزت میں نے کی اُس نے مجھے سمجھا ذلیل

رازِ دل اغیار سے کہہ کر ہے کھویا خود بھرم

میری خدمت کا صلہ یہ قدر دانوں نے دیا

میں سگِ درباں سے بھی سمجھا گیا عزت میں کم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

قطعہ

ہائے واویلا زمانے بھر کے نااہل و رذیل

زندگی اپنی بسر کرتے ہیں با عیش و نعم

ہائے دنیا بھر کی اُن کے واسطے ہیں نعمتیں

اور ہمارے واسطے کھانے کو ہے بس زہرِ غم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ہیں پریچہرہ حسین و نازنین اُن کے لئے

اور فقط دیدار کو ترسا کریں برسوں ہی ہم

نوجوانوں کو نہیں ملتی ہے صد لاکوئی

اور ہم آغوشِ بُتِ نوخیز ہو پیرِ ہرم

ظالموں کا آج طوطی بولتا ہے زور سے

دم بخود بیٹھے ہوئے ہیں ہائے مرغانِ حرم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جاہلوں کی آج بن آئی ہے جو چاہیں کریں

تنگ آ کر عالموں نے توڑ ڈالے ہیں قلم

ٹھوکریں کھاتے پھریں دنیا میں اہلِ علم ہائے

اور جاہل کے لئے ہوں کب و خیل و خدم

ایک پیسے کے لئے محتاج اہلِ علم ہوں

اور جاہل کے لئے ہو دولت و جاہ و حشم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سر چھپانے کے لئے ملتی نہیں عالم کو جائے

اور جاہل کیلئے ہیں قصر و ایوان و علم

گردشِ ایام نے کیسے ہمیں چکر دئے

ہائے جی بھر کے کبھی بیٹھے نہیں ہیں ہم ہم

ہائے اپنی زندگی مرنے سے بدتر ہوگئی

کوئی دنیا میں نہیں فرقت کے غم سے بڑھ کے غم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ہو گئیں برسیں نہیں دیکھا اُسے ہی پھر کہیں

دورِ گردش میں جُدا جب سے ہوا اپنا صنم

ہائے قسمت نے ہمیں بے دست و پا ایسا کیا

کہ نہیں سکتے کسی سے کھول کر ہم اپنے ہم

ہو گیا لبریز ہے پیمانۂ صبر و سکوں

ختم ہونے کو ہے شاید قصّۂ رنج و الم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ہاں بدل جائیں گے میرے طالعِ تیرہ صفت

مطلع الانوار میں کرتا ہوں اب مطلعِ رقم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

مطلع ثانی

تخلیص

ہو نگاہِ خیر اے شاہنشہِ خیر الامم

کھول دے میرے لئے گنجینۂ لطف و کرم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

شش جہت میں ہے تسلط اور تصرف باطنی

تُو تو ہے محبوبِ نبی اے رسولِ محترم

شہ قرانِ جہاں کے سر جھکے تیرے حضور

چُومتا ہے عرش پر تیری شرافت کا علم

تیرے انوارِ رسالت سے دو عالم ضو پذیر

کیونکہ ہے نورِ محبت تجھ میں اے نورِ اتم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دیکھنے کو چاہیئے اِس میں محبّت کی نظر

تیرے صحرا کا ہر اک کانٹا ہے رشکِ صد اِرم

میں لکھوں کیسے علوِّ مرتبت سرکار کا

تیرے خادم تو ہیں رشکِ قیصر و فغفور و جم

اے شہنشاہِ دو عالم تھا یہ آمد کا نشاں

قصرِ کسریٰ کے نہ ہوتے کنگرے کیوں منہدم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ایک تو کیا ہیں غلامی میں ہزاروں بادشاہ

اللہ اللہ رتبۂ شاہنشہِ والا حشم

اب نہ لکھوں گا سلاطینِ زمانہ کی صفت

میں کہاؤں گا فقط مدّاحِ سلطانِ اُمم

چشمِ باطن سے اگر دیکھیں تو پھر آئیں نظر

وہ فرشتے ہیں جنھیں کہتے ہیں مرغانِ حرم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اے شہنشاہِ رُسُل تیری وہ ہے شانِ بلند

تیرے دَر پر انبیاء رہتے ہیں ہر دم سرنگوں

تُو نے ہاں تیغِ محبّت تو چلائی ہے حضور

ایک بھی بسمل نہیں ہے کُشتۂ تیغِ دو دم

تیرے اخلاق و مُروّت کا ہے خود خالق گواہ

لکھی ہے قرآن میں تیری صفت لاثانی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تیرے اِیثار و سخاوت کی نہیں کوئی نظیر

نام کو رکھے نہیں تُو نے ہیں دینار و درم

قطعہ

نامِ نامی ھے محمدؐ جو سراپا حمد ہے

کون بدباطن نکالے اس میں پھر پہلوئے ذم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ظالموں کے حق میں سامانِ ہلاکت ہو گیا

دشمنوں نے دیدیا تھا تجھ کو کیا کھانے میں سم

واہ وا شانِ رحیمی کردئے سارے معاف

تیری ذاتِ پاک پر لاکھوں ہوئے تھے گو ستم

تو نے وہ توحید پھیلائی مِٹا کر شرک کفر

بن گئے اللہ کے بندے پرستارِ صنم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جتنے الفاظ و حروف اور جتنے اعراب و نقاط

اِس قصیدے میں ہوں میرے ہاتھ سے یہ رقم

اِن سے بھی بڑھ کر کروڑوں مرتبہ صلوٰۃ ہو

تیرے نامِ پاک پر ہر دم حبیبِ محترم

بھیجتا خالق ہے تیری ذات پر ہر دم درود

جنّ و انسان و ملائک کیوں نہ بھیجیں دم بدم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

وہ دکھائی تُو نے دنیا کو صراطِ مستقیم

یہ مناسب ہے کہ تیرے چُوم لیں نقشِ قدم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

مطلعِ ثالث

دے دیئے اللہ نے جب آپ کو لوح و قلم

میرے حق میں بھی دکھا دیجے گا اعجازِ رقم

اللہ اللہ کس قدر محبوبیت ہے آپ میں

آپ کے نقشِ قدم کی حق نے کھائی ہے قسم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ساری دُنیا کے لئے کس کو کیا حق نے رسولؐ

نام لیوا آپ کے رُوم و عرب شام و عجم

صاحبِ معراج ہے جز آپ کے نبیوں میں کون

قابَ قوسین او ادنیٰ ہیں، کیا قربِ اتم

گو بظاہر آپ آئے سب رسولوں کے اخیر

چشمِ باطن کہ رہی ہے آپ ہیں نورِ قدم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آپ کو حق نے رسولوں میں کیا ختمِ رسل

اور پھر طرفہ کہ امت بھی ملی خیر الامم

اپنے ناموس سے نوازا آپ کو اللہ نے

آپ کو حق نے کہا ہے رأفت و رحمت شیم

کہہ رہا ہے آپ کو اپنی طرح کا جو بشر

حکم قرآں سے وہ کافر ہو گیا ہے بدشیم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کیا ادب ہے دیکھئے آواز تک اُونچی نہ ہو

ورنہ ہو جائیں گے غارت سب عمل بس ایکدم

جسمِ اطہر پر مگس بیٹھی نہیں سایہ نہ تھا

اور نہ ہو سکتا تھا کوئی تیز رو بھی ہم قدم

کس طرح منکر ہو کوئی علمِ غیبِ شاہ کا

مُصطفےٰ و مُجتبےٰ جب آپ کو کہتے ہیں ہم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

حال و استقبال و ماضی کے ہیں سب حالِ علوم

شاہدِ اُمت ہوئے شاک اے نبیِ محترم

یا رؤف یا رحیم یا رسول و یا کریم

قابلِ امداد ہوں اب کیجئے مجھ پر کرم

رحمۃ اللعالمین کس کو کہا اللہ نے

اب نگاہِ رحم مجھ پر کیجئے والا ھمم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آپ سے مخفی نہیں حالِ زبوں میرا حضورؐ

معجزے سے بس بدل دیجیگا اب نقشِ دژم

ٹھوکریں کھاتا پھروں کب تک زمانے کی شہا

آپکا بندہ رہے محتاجِ دینار و درم

میرے آنسو کون پونچھے گا تمہارے عشق میں

میں دکھاؤں کس کو جا کر دیدۂ لبریزِ نم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آپ کو معلوم ہے دُنیا نے مجھ سے کیا کیا

مَیں سُناؤں کس کو جا کر ہائے رُوداد ستم

دین و دنیا کی مرادیں میری بر آئیں حضورؐ

آج سے بس دُور کر دیجے گا میرے رنج و غم

عیش و عشرت دولت و عزت مجھے کیجے عطا

یہ دُعا مقبول ہو جاری ہو لاکھوں پر قلم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

پردہ پوشی کیجئے میرے گناہوں کی حضور

حسرت و ارمان نکلیں دور ہوں درد و الم

جس قدر دشمن ہیں میرے سب ذلیل و خوار ہوں

یا انہیں کر دیجئے گا راہیِ ملکِ عدم

کیجئے آباد اب اس خانماں برباد کو

ہر تمنا کا ملے نعم البدل بس دم بدم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آپ ہیں دل مونس و ہمراز سے دل کیجے شاد

ہے بُرا سب سے شبِ ہجراں میں تنہائی کا غم

بخشتے ہیں سخن میں آپ تاثیرِ لطیف

ہو پسندِ عام میرا خلق میں طرزِ رقم

ہر رگ و پے میں ہو ساری بس محبت آپ کی

آپ کی توصیف میں چلتا رہے میرا قلم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تاج کی بس آخری یہ التجا ہے یا نبیؐ

دوں مدینے میں پہنچ کر آپؐ کے قدموں میں دم

وَصَلَّی اللہُ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ مُحَمَّدٍ وَّ

آلہٖ وَاَصحابہٖ وَسَلَّمْ

تمت

الکاتب سید محمد حسین [illegible] آبادی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اُردُو ترجمہ

مکتوبات شریف

اِمامِ رَبّانی مُجدّدِ الفِ ثانی شیخ احمد فارُوقی سرہندیؒ

مع مفصّل سوانح عمری

کون شخص ہے جو مجدد صاحب علیہ الرحمۃ کے نام نامی و اسم گرامی سے واقف نہ ہو یہ وہ مجموعہ مکتوبات ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً اپنے پیر و دستگیر حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ کی خدمت اقدس میں اور دیگر احباب کی طرف ارقام فرمائے تھے۔ اور جن کی تلاش اور جستجو میں مدت مدید اور عرصۂ بعید سے طالبانِ مولےٰ عموماً اور حلقہ بگوشانِ سرکار عالیہ نقشبندیہ خصوصاً حیران و سرگردان پھرتے تھے چونکہ یہ گنجینۂ اسرار معانی نہایت دقیق فارسی زبان میں ہر ادنےٰ و اعلےٰ کی فہمید سے باہر تھا لہٰذا خادمانِ فقرا نے بپاس خاطر ہر چہار سلاسل عالیہ اور حلقہ بگوشانِ خاندانِ نقشبندیہ کے لئے بصرف زر کثیر ترجمہ کرا کر نہایت خوشخط اعلےٰ درجہ کے کاغذ پر طبع کرائے ہیں جن کو خرید کر ہر ایک طالبِ مولیٰ بیساختہ یہ شعر اپنی زبان سے ورد کریگا ؎

جماد چند دادم جان خریدم
بحمد اللہ عجب ارزاں خریدم

قیمت دفتر اول ۵؎ — قیمت دفتر دوم ۲ع ۸؎ — قیمت دفتر سوم ۲ع ۸؎ — قیمت سوانحعمری علیحدہ ۸ر

ملنے کا پتا ملک نذیر احمد تاجر کتب مالک تاج بکڈپو لاہور
کشمیری بازار

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ترجمہ منظوم بزبان پنجابی

مثنوی شریف

حضرت قبلہ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ

ارباب علم عموماً شائقین علم تصوف خصوصاً عاشقان دربار غوثیہ و فدایان حضرت سرکار خلیفۃ اللہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ کتب خانہ ہذا نے پیشتر ازیں اکثر کتب تصوف کے پنجابی ترجمے مع اصل فارسی مثلاً مثنوی شریف و دیوان حضرت بو علی قلندر رح مثنوی شمس تبریز و عطار رح دیوان ہائے حضرت باہو رح و غوث پاک رح، دیوان حافظ کے دو حصص اور دیوان خواجہ معین الدین چشتی رح وغیرہ شائع کئے ہیں۔ جو بفضلہ تعالیٰ نہایت وقعت کی نگاہ سے مقبول عام ہوئے۔ اب اکثر احباب کے اصرار پر مثنوی شریف حضرت مولانا روم رح کا ترجمہ منظوم بزبان پنجابی بھی نہایت پُر درد و عاشقانہ نظم میں کرایا گیا ہے۔ جو مع اصل فارسی نہایت عمدہ خوش قلم چھپ رہا ہے۔

حضرات اہل علم توجہ فرماویں تاکہ کتاب مکمل ہوتے ہی ارسال خدمت عالی ہو۔ قیمت دفتر اول ۳ے دفتر دوم ۳ے

ملنے کا پتا

ملک نذیر احمد تاجر کتب و مالک تاج بکڈپو کشمیری بازار لاہور

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

صدائے ربانی اردو ترجمہ منظوم مع متن اصل

دعائے سریانی

ناظم ترجمہ حضرت شاہ شمس الہند ایزدی صوفی معنوی

یہ ایک مشہور کلام پاک ہے۔ اکثر بزرگ صبح و شام اس کو بطور وظیفہ پڑھ کر فیضیاب ہوتے رہتے ہیں۔ جس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ اکثر فوائد مع اسناد دیباچہ میں درج کئے گئے ہیں۔ لہذا خاص و عام کے حق میں مفید خیال کرتے ہوئے اس کا ترجمہ سلیس اردو نظم میں حضرت ناظم ترجمۃ القرآن نے فرما دیا ہے۔ جو ہر بیت کے تحت میں ہے مزید برآں ہر متبرک بیت کے ساتھ مجرب فائدہ بھی بطور نوٹ دیا گیا ہے۔ کاغذ عمدہ۔ خوشخط۔ ہدیہ ۲ر

اردو ترجمہ تحقیقی فالنامہ مع استخارہ ہائے قرآن مجید

یہ بابرکت تحفہ بزبان فارسی شہنشاہ ہند حضرت شاہجہان کے خزانہ دینی میں تھا۔ جو حال ہی میں ایک صاحب دل کے ذریعہ ملا جس میں فال دیکھنے اور استخارہ کرنے کا ہفتہ وار یومیہ نقشہ بھی درج ہے۔ فائدہ خاص و عام کو مد نظر رکھتے ہوئے اردو ترجمہ کرا کر طبع کیا گیا ہے۔ قیمت ۲ر

ملک فقیر احمد مالک تاج کتب ڈپو کشمیری بازار لاہور

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تاج بک ڈپو

ہمارے ہاں سے آپکو منشی ، منشی عالم
منشی فاضل ، ادیب ، ادیب عالم ، ادیب
فاضل و سلسلۂ تصوّف اور دیگر ہر قسم
کی کتب بارعایت مل سکتی ہیں ؂

المشتہر

ملک نذیر احمد مالک تاج بک ڈپو

کشمیری بازار لاہور

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

Digitized By eGangotri